رہنماء برائے
# ضرورت کی سند یافتہ اسٹیٹمنٹس

ضرورت کی سند یافتہ اسٹیٹمنٹ ("ضرورت کی اسٹیٹمنٹ") کو اس لیے قانون میں شامل کیا گیا تھا، تاکہ ان انتخابی مقابلوں میں ادا کیے جانے والے عوامی فنڈز کی مقدار کو محدود کیا جا سکے، جہاں شرکت کنندگان کو صرف معمولی مقابلے کا سامنا کرنا پڑتا ہے (ایڈمن۔ کوڈ (b)(7)705-3§) ملاحظہ کریں۔ آپ کی ضرورت کی اسٹیٹمنٹ کے قبول کیے جانے کے لیے، آپ کو ظاہر کرنا ہو گا کہ ایک مخالف امیدوار قانون میں موجود اور اس رہنماء کے صفحہ 2 پر شروع ہوتی ہوئی تفصیلی طور پر بیان کردہ سات شرائط میں سے کم از کم ایک پر پورا اترتا ہے۔

## ضرورت کی اسٹیٹمنٹ کی کب ضرورت ہوتی ہے؟

### قبل از بیلٹ ادائیگیاں

قبل از بیلٹ ادائیگیوں کے لیے، **کوئی** بھی عوامی فنڈز وصول کرنے کے لیے ضرورت کی ایک اسٹیٹمنٹ کی ضرورت ہوتی ہے:

- آپ ایک کھلی سیٹ کے لیے انتخاب لڑ رہے ہوں (کوئی موجودہ عہدیدار دوبارہ انتخاب نہ لڑ رہا ہو) **یا**
- آپ کی مخالفت میں ایسا امیدوار موجود ہے (CFB رجسٹریشن کی بنیاد پر)، جسے عوامی فنڈز سے قبل از بیلٹ ادائیگی مل چکی ہو

**جمع کراونے کی آخری تاریخ:** ادائیگی کی تاریخ سے 15 ایام کار پہلے۔

### پرائمری کی ادائیگیاں

آپ کے دفتر کے لیے ادائیگیاں پرائمری انتخاب کے لیے زیادہ سے زیادہ عوامی فنڈز کے **25%** تک محدود ہیں۔ اس حد کو ختم کرنے کے لیے ضرورت کی ایک اسٹیٹمنٹ درکار ہے، ماسوائے:

- آپ ایک کھلی سیٹ کے لیے انتخاب لڑ رہے ہوں **یا**
- آپ کی مخالفت میں ایسا امیدوار موجود ہے (بیلٹ پر)، جسے عوامی فنڈز وصول ہو چکے ہوں

**جمع کراونے کی آخری تاریخ:** ادائیگی کی تاریخ سے 15 ایام کار پہلے یا پچھلی انکشافی اسٹیٹمنٹ کی آخری تاریخ، **جو بھی بعد میں آتی ہو**۔ آخری تاریخ پرائمری سے قبل انکشافی اسٹیٹمنٹ کی 32 دن کی آخری تاریخ ہے۔

## عام انتخاب کی ادائیگیاں

ضرورت کی ایک اسٹیٹمنٹ زیادہ سے زیادہ عوامی فنڈز کے %25 سے زیادہ وصول کرنے کے لیے **ہمیشہ** ضروری ہوتی ہے، ماسوائے یہ کہ آپ کے مقابلے میں ایک ایسا امیدوار ہو، جس نے **عام انتخاب** (قبل از یا بعد از بیلٹ) کے لیے عوامی فنڈز وصول کیے ہوں۔

**جمع کروانے کی آخری تاریخ:** ادائیگی کی تاریخ سے 15 ایام کار پہلے یا پچھلی انکشافی اسٹیٹمنٹ کی آخری تاریخ، **جو بھی بعد میں آتی ہو**۔ آخری تاریخ عام انتخاب سے قبل انکشافی اسٹیٹمنٹ کی 32 دن کی آخری تاریخ ہے۔

**نوٹ:** تمام اقسام کی ادائیگیوں کے لیے، اگر آپ نے سابقہ طور پر ضرورت کی ایک اسٹیٹمنٹ جمع کروائی ہے، مگر آپ کا حوالہ کردہ مخالف اب بیلٹ پر نہیں ہے یا اپنی امیدواری منسوخ کر چکا ہے، تو آپ کو اضافی عوامی فنڈز وصول کرنے کے لیے کسی دوسرے مخالف کا حوالہ دینے والی ضرورت کی ایک نئی اسٹیٹمنٹ جمع کروانی ہو گی۔

## جمع کروانے کے تقاضوں کی چیک لسٹ

آپ اندراجات میں درج ذیل چیزیں شامل ہیں اور آپ کو یہ ترتیب سے شامل کرنی چاہیں۔ ان تقاضوں کو پورا نہ کرنے والے اندراجات کو ان کی خوبیوں پر نظرثانی کیے بغیر رد کر دیا جائے گا اور آپ کو پورٹل میں ایک خط موصول ہو گا، جو وضاحت کرے گا کہ آپ کا اندراج کیوں ناقابل قبول تھا اور آپ کے پاس دوبارہ جمع کروانے کا موقع ہو گا۔ کسی ادائیگی کے لیے آخری تاریخ کے بعد وصول ہونے والے دوبارہ اندراج کی ادائیگی کی اگلی تاریخ کے تحت نظرثانی اور عمل درآمد کیا جائے گا۔

- ❑ **ضرورت کی اسٹیٹمنٹ کا فارم**
  - ❑ امیدوار کی مکمل معلومات بھریں۔
  - ❑ ادائیگی کی قسم کے لیے درست خانے پر نشان لگائیں (قبل از بیلٹ، پرائمری یا عام انتخاب)۔
  - ❑ ادائیگی کے لیے کم از کم ایک شرط کے لیے خانے پر نشان لگائیں اور اس مخالف امیدوار کا مکمل نام فراہم کریں، جس کا آپ حوالہ دے رہے ہیں۔ صرف قبل از بیلٹ ادائیگیوں کے لیے، آپ اپنے مقابلے والے دفتر کے لیے انتخاب لڑنے والے CFB کے ساتھ رجسٹر شدہ کسی بھی امیدوار کا حوالہ دے سکتے ہیں۔ آپ موجودہ عہدیدار کا حوالہ بھی دے سکتے ہیں، بےشک اگر وہ CFB کے ساتھ ابھی تک رجسٹر شدہ نہ ہوں۔
  - ❑ امیدوار کو فارم کے ذیلی حصے پر دستخط اور تاریخ ڈالنی ہو گی۔ الیکٹرانی اندراج (ترجیح کردہ) کے لیے، امیدوار کو اپنا نام اور تاریخ فارم میں براہ راست ٹائپ کرنی چاہیے (پرنٹ کر کے دستخط کرنے کی ضرورت نہیں)۔
- ❑ **مشمولات کا جدول**
  - ❑ حمایتی دستاویزات کو ترتیب سے درج کرتا ہے اور درج ذیل چیزوں کا حامل ہے:
    - ❑ قطعے کا نام یا عنوان، اس اشاعت کا نام، جس میں یہ ظاہر ہوا اور اشاعت کی تاریخ۔
    - ❑ فعال ہائپر لنک یو آر ایلز (جہاں قابل اطلاق ہو)۔

- ❑ **حمایتی دستاویزات:**
  - ❑ متعلقہ معلومات کو واضح طور پر نشان زدہ یا نشاندہی کردہ ہونا چاہیے۔
  - ❑ پی ڈی ایف تصاویر کو واضح اور برابر سائز میں ہونا چاہیے۔
  - ❑ مشمولات کے جدول میں فعال مشمولات کا جدول فراہم کرنا یقینی بنائیں (جیسے قابل اطلاق ہو)۔
  - ❑ اگر کسی مواد تک رسائی کے لیے ادائیگی والی سبسکرپشن درکار ہو (مثلاً پےوال سائٹس)، تو مواد کی پی ڈی ایف منسلک کریں۔

اپنا اندراج documents@nyccfb.info پر واحد پی ڈی ایف کے طور پر بذریعہ ای میل بھیجیں اور عنوان کی لائن میں "ضرورت کی سند یافتہ اسٹیٹمنٹ" لکھیں۔ یہ آپ کی تصدیق پر درج مہم کے ای میل اکاؤنٹس میں سے کسی ایک سے بھیجی جانی چاہیے۔

## حمایتی دستاویزات کے لیے ہدایات اور چیک لسٹ

آپ اپنے حوالہ کردہ مخالف(ین) کے متعلق سات شرائط کی دستاویز بندی کر سکتے ہیں۔ جبکہ آپ ایک سے زیادہ مخالف اور/یا شرط کا حوالہ دے سکتے ہیں، آپ کو صرف **ایک** مخالف کے لیے صرف **ایک** شرط کی دستاویز بندی کرنے کی ضرورت ہے۔ آپ اپنی ضرورت کی اسٹیٹمنٹ کے ساتھ جو حمایتی دستاویزات جمع کرواتے ہیں، انہیں درج ذیل ہدایات پر عمل کرنے کی ضرورت ہے۔ اگر آپ اپنی ضرورت کی اسٹیٹمنٹ میں شرط(شرائط) کی مکمل طور پر دستاویز بندی نہیں کر پاتے، تو اسے خصوصیات کی بنیاد پر رد کر دیا جائے گا۔ آپ کو پورٹل میں اطلاع دی جائے گی کہ آیا آپ کا اندراج قبول کیا گیا یا رد۔

**نوٹ:** ضرورت کی اسٹیٹمنٹس CFB کی ویب سائٹ پر شائع کی جاتی ہیں، بےشک وہ اپنی خصوصیات کی بنیاد پر قبول ہوں یا رد۔

### 1. ذاتی خرچ والا مخالف

آپ کو درج ذیل چیزیں جمع کروا کر یہ دستاویز بندی کرنی ہو گی کہ آپ کا غیر شرکت کنندہ مخالف اپنا خرچ خود اٹھا سکتا ہے:

- ❑ آپ کے حوالہ کردہ مخالف کی جانب سے NYS، CFB انتخابات بورڈ (Board of Elections) یا فیڈرل الیکشن کمیشن کو جمع کروائی جانے والے سابقہ یا موجودہ انکشافی اندراج، جو ظاہر کرتے ہوں کہ انہوں نے موجودہ مقابلے کے لیے خرچے کی حد کا کم از کم پانچواں حصہ جمع یا خرچ کر لیا ہے یا یہ کہ انہوں نے اس درجے کے خرچ پر پچھلے مقابلے کے اخراجات خود برداشت کیے؛ یا
- ❑ مخالف کی مہم کی سرگرمیاں یا اپنی مہم کا خرچ خود اٹھانے کا ارادہ ظاہر کرنے والی پریس ریلیزز، آڈیو یا ویڈیو بیانات/رپورٹس یا آرٹیکلز۔

### 2. تائید

آپ کو یہ دستاویز بندی کرنی ہو گی کہ آپ کے حوالہ کردہ مخالف کو درج ذیل سے تائید حاصل ہوئی ہے:

- شہر، ریاست یا وفاق کا منتخب شدہ عہدیدار، جو انتخاب کے زیر احاطہ تمام یا جزوی علاقے کی نمائندگی کرتا ہو؛ یا
- شہرکے دو یا زیادہ منتخب عہدیداران، جو انتخاب کے زیر احاطہ تمام یا جزوی علاقے کی نمائندگی کرتے ہوں؛ یا
- 250 سے زائد اراکین کی حامل رکنیت والی ایک یا زیادہ تنظیمیں

درج ذیل اشیاء جمع کروا کر اس کی دستاویز بندی کریں:

- ❑ تائید(وں) کی دستاویز بندی کرنے والی پریس ریلیزز، آڈیو یا ویڈیو بیانات/رپورٹس، ویب سائٹس یا خبروں کے آرٹیکلز؛ اور
- ❑ رکنیت والی ایک تنظیم کے لیے، رکنیت کے حجم کی تصدیق کرنے والی دستاویزات جمع کروائیں۔

### 3. میڈیا کی بڑی توجہ

آپ کو درج ذیل جمع کروا کے مخالف امیدوار اور/یا اس کے نام کے ٹیلیویژن، ریڈیو یا انتخاب کے علاقے میں عمومی گردش والے پرنٹ میڈیا میں کم از کم 12 مرتبہ سامنے آنے کی دستاویز بندی کرنی ہو گی:

- ❑ آرٹیکلز، آن لائن پاڈ کاسٹس اور/یا ایسی نیوز میڈیا آؤٹ لیٹس اور آن لائن تنظیموں کی ویڈیوز، جو تحقیقی صحافت کرتی ہوں یا خبروں کی کہانیاں پیش کرتی ہوں:
  - ❑ خبروں کے براہ راست آرٹیکلز کے لنکس یا پی ڈی ایف نقول؛ **یا**
  - ❑ سرچ انجنز کے "خبریں" کی خاصیت میں پائے جانے والے آرٹیکلز؛ **یا**
  - ❑ آن لائن روزانہ یا ہفتہ وار خبروں میں مذکورہ آرٹیکلز۔
- ❑ حوالہ کردہ مخالف کے حامل اشتہارات، بشمول کاروباری اشتہارات اور جو خودمختار خرچ کاروں کی جانب سے ادا کردہ ہوں (ماسوائے امیدوار کی موجودہ کمیٹی کی جانب سے ادا کردہ اشتہارات)
  - ❑ آپ کو درج کرنا ہو گا کہ اشتہارات کہاں اور کب شائع کیے گئے۔
- ❑ آڈیو یا ویڈیو ٹاک شوز، بشمول کاوباری ٹاک شوز اور پوڈ کاسٹس اور عوامی رسائی والے شوز، جو جمع کروانے والے امیدوار سے غیر متعلقہ فریقین ثالث چلاتے ہوں۔
  - ❑ شو کا نام، قسط نمبر (اگر قابل اطلاق ہو) اور اس کے ابتدائی طور پر چلنے کی تاریخ درج کریں۔
  - ❑ تحقیقی صحافت کرنے والی یا خبروں کی کہانیاں پیش کرنے والی نیوز آؤٹ لیٹس اور آن لائن تنظیموں یا ان کے ملازمین (یعنی صحافی اور نیوز اینکرز) کی جانب سے سوشل میڈیا پوسٹنگ۔

### 4. کسی سابقہ انتخاب میں 25% ووٹ

آپ کو درج ذیل طریقے سے دستاویز بندی کرنی ہو گی کہ آپ کے حوالہ کردہ مخالف کو پچھلے 8 سالوں کے دوران آپ کے مقابلے والے دفتر کے جغرافیائی علاقے میں انتخاب میں 25% ووٹ پڑے ہیں:

- ❑ اپنے مخالف کے کل ووٹس کی دستاویز بندی کرنے والی **مخصوص** NYC انتخابات بورڈ (Board of Elections) "اسٹیٹمنٹ اینڈ ریٹرن رپورٹ فار سرٹیفیکیشن" کا ایک فعال ہائپر لنک فراہم کریں، جسے یہاں پایا جا سکتا ہے۔ اس مخصوص ہائپر لنک کو ضرورت کی اسٹیٹمنٹ کے فارم پر حوالہ کردہ مخالف کے نام کے سامنے ڈالیں، یا
- ❑ رپورٹ کی پی ڈی ایف ڈاؤن لوڈ کریں اور فارم سے منسلک کریں۔

### 5. بہت ملتا جلتا نام

آپ کو درج ذیل چیزیں جمع کروانی ہوں گی:

- ❑ دستاویزات، جو ظاہر کرتی ہوں کہ آپ کے حوالہ کردہ مخالف کا پہلا اور آخری نام آپ کے والا ہی ہے یا یہ کہ نام ایک جیسے نظر آتے یا سنائی دیتے ہیں (مثلاً **رابرٹ سمتھ** اور **باب سمتھ**، **رابرٹ ٹی سمتھ** یا **رابرٹ سمتھ جونیئر**)، جیسے کہ وہ CFB کی امیدواروں کی فہرست؛ مخالف کی مہم کی ویب سائٹ، سوشل میڈیا فیڈز یا مواد؛ یا حوالہ کردہ مخالف کے متعلق خبروں کے آرٹیکلز پر موجود ہوں۔

### 6. ایک کمیونٹی بورڈ کا شیئر پرسن، صدر یا ضلع منیجر

اس شرط کا حوالہ صرف اس صورت میں دیا جا سکتا ہے اگر آپ سٹی کونسل یا بورو صدر کا انتخاب لڑ رہے ہوں اور آپ کا مخالف اس مقابلے کے زیر احاطہ علاقے میں اس دفتر کا حامل ہو، جہاں اپ اندراج کے وقت انتخاب لڑ رہے ہیں۔ آپ کو درج ذیل چیزیں جمع کروانی ہوں گی:

- ❑ عہدیداران کی فہرست کی حامل کمیونٹی بورڈ کی ویب سائٹ یا مواد، جو ظاہر کرتا ہو کہ آپ کا حوالہ کردہ مخالف ان میں سے کسی عہدے کا حامل ہے۔ کمیونٹی بورڈز کی ایک فہرست میئرز دفتر آف کمیونٹی افیئرز کی ویب سائٹ پر پائی جا سکتی ہے۔

### 7. خاندان کا رکن ایک منتخب عہدیدار ہے

آپ کو درج ذیل چیزیں جمع کروانی ہوں گی:

- ❑ یہ ظاہر کرنے والی دستاویزات کہ آپ کے حوالہ کردہ مخالف کا کوئی شریک حیات، گھریلو شراکت دار، بہن بھائی، والدین یا بچہ ہے، جو انتخاب کے زیر احاطہ تمام یا جزوی علاقے میں پچھلے دس سالوں میں ایک منتخب دفتر رہا ہے یا موجودہ طور پر ہے۔

6/9/2023